
1
2/17/17
"GRAMMAR"
Lesson No-1.
حروفِ تہجی :- 28 ہوتے ہیں لیکن اگر ہم
(۱) ایک اور add کر دیں یعنی اَ تو 29
ہو جاتے ہیں
حروفِ تہجی = 28
حروفِ صحیح = 25
علت = ا۔و۔ی
حروفِ مدّہ :- Longvowels
اگر الف سے پہلے فتحہ (ــَـا) آئے
و ساکن سے پہلے ضمہ (ــُـو)
ی ساکن سے پہلے Kasrah (ــِـی) آ رہے
کھڑا زبر
مثال :- رحمان
الٹا پیش
مثال :- کتابُہ
کھڑی زیر
مثال :- کتابِہ

## حروف شمسی :- (Sun Letters)

↓

14 حروف ہیں۔

ت ۔ ث ۔ د ۔ ذ ۔ ر ۔ س ۔ ش ۔

ص ۔ ض ۔ ط ۔ ظ ۔ ل ۔ ن

ان الفاظ کے ساتھ ال اگر لگ جائے تو ل نہیں پڑھا جاتا اس لیے انہیں حروف شمسی کہتے ہیں۔

e.g: الصلوٰۃ ۔ الزکوٰۃ

## حروف القمرية :- (Moon Letters)

↓

14 حروف ہیں۔

ا ۔ ب ۔ ج ۔ ح ۔ خ ۔ ع ۔ غ ۔ ف ۔ ق

ک ۔ م ۔ ھ ۔ و ۔ ی

ان الفاظ کے ساتھ ال لگے تو ال پڑھا جاتا ہے۔

e.g: العزیز ۔ الغفار

(3)

## ★ کلمہ۔

عربی زبان میں لفظ کو کلمہ کہتے ہیں۔ اسکا دوسرا نام مُفرَد ہے

اسکی 3 اقسام ہیں۔

اِسم - فعل - حرف .

① اِسم یعنی NOUN.

کسی بھی چیز، جگہ اور شخص کا نام اسم ہے۔

اسم دو طرح کے ہوتے ہیں۔

- نکرہ Common Noun (ال نہ ہو تو Common Noun)
- معرفہ - Proper Noun (ال ہو تو Proper Noun)

ال ہمیشہ کسی بھی عام چیز کو خاص بنا دیتا ہے

اسم میں چار چیزیں دیکھتے ہیں۔

| عدد | جنس | وسعت | اعراب |
|---|---|---|---|
| واحد، تثنیہ، جمع | مذکر - مؤنث | معرفہ - Common Noun<br>نکرہ - Proper Noun | آخری حرف کی حرکات کو اعراب کہا جاتا ہے۔ |

④

★ اعراب کے اہم Points

① آخری حرف کی حرکت کو اعراب کہا جاتا ہے۔

② اگر لفظ کے آخر حرف پر Dammah ہے تو اسے رفع کہا جائیگا

جیسے۔ اللّٰهُ ، کِتَابٌ ، کَافِرٌ

③ **نصب**: اگر لفظ کے آخر حرف پر دو زبر ً یا ایک زبر َ آئے وہ نصب کہلاتا ہے۔

جیسے۔ کافرًا ، کافرَ

④ **جر**:- اگر لفظ کے آخر حرف پر دو زیر ٍ یا ایک زیر ِ آئے تو وہ جر کہلاتا ہے۔


جیسے۔ صادقٍ ، کتابِ

## Important Point

اسم کی نشانی دیکھنے کیلئے ضروری ہے کہ ان چیزوں کو نوٹ کیا جائے

- عدد۔ جنس، وسعت، اعراب

اسکو آسانی سے یاد کرنے کیلئے اسے مختصراً (عجوا) کہہ لیجیے۔


5
اسم کی پہچان :-
• ال کو لامِ تعریف کہا جاتا ہے ۔
e.g. الحمد ۔ الکتاب
• فعل پر ال کبھی نہیں آتا ۔
• اسم پر تنوین ( ٌ ٍ ً ) آسکتی ہے ۔
e.g. کتابٌ ، کتابٍ ، کتاباً
• فعل پر کبھی تنوین نہیں آسکتی ۔
کسی word کے آخر میں ون، ین (فعل میں بھی ون، ین ہوسکتا ہے) (اسم ، جمع ، مذکر)
کسی word کے آخر میں ات ، اٰت (اسم ، جمع مؤنث)
• اسم سے پہلے حرفِ جر آسکتا ہے ۔
e.g. بِسمِ اللہ (بِ حرفِ جر ہے)
• اگر اسم آگے مضاف ہو رہا ہے جیسے کتابُ اللہ یعنی اللہ کی کتاب
رسولُ اللہ یعنی اللہ کے رسول
اگر آخر میں گول ۃ ہو یعنی مُسلمۃٌ یہ بھی اسم کی پہچان ہے

(6)

ۃ کو تائے مربوطہ بھی کہا جاتا ہے۔

تائے مربوطہ کا مطلب سمٹی ہوئی چیز۔

② فعل یعنی Verb.

"وہ کسی کام کے ہونے کو یا زمانہ کو ظاہر کرے۔"

جیسے فَعَلَ (اس نے کیا)

فعل کی پہچان :-

- فعل اَ سے شروع ہو سکتا ہے
- فعل تَ سے شروع ہو سکتا ہے۔ (تَعلمون، تشکرون ...)
- فعل نَ سے شروع ہو سکتا ہے۔ (نُؤمنُ ...)
- فعل یَ سے شروع ہو سکتا ہے۔ (یعلمون)

(٦)

فعل دو طرح کے ہوتے ہیں۔

**فعل ماضی :-** فعل ماضی کے آخر میں (زبر َ) ہوتا ہے

جیسے فَتَحَ ، نَصَرَ

**فعل مضارع :-** فعل مضارع کے آخر میں زبر َ

پیش ُ اور جزم ْ ہو سکتا ہے۔ لیکن

زیر ِ نہیں ہو سکتا۔

ج:ہ۔ يَفْتَحْ ، يَفْتَحَ ، يَفْتَحُ

× يَفْتَحِ نہیں ہو سکتا

**Important-Ponds**

• فعل کے آخر میں زیر ِ نہیں آتی البتہ جب فعل کا آخر (ساکن) ہو اور اسے اگلے word سے connect کرنا ہو تو زیر ِ لگا کر connect کر دیتے ہیں۔

(6)

example :-

قُلِ اللّٰہ

فعل

امر کو change کر کے قُلِ اللّٰہ کر دیں گے

• فعل سے پہلے سَ یا سوفَ آ سکتا ہے۔

جیسے :- سَیعلمون ، سَوف تعلمون

**Important Point.**

فعل دیکھنے کے لیے ان چیزوں پر غور کریں۔

① نشانی کیا ہے۔

② فعل ماضی ہے یا مضارع

③ کیوں ہے ماضی اور مضارع وجہ بتائیں۔